سوال

(398)جمعہ کی نماز کا اول وقت کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کی نماز کا اول وقت کیا ہے؟ (عبدالغفور، شاہدرہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اکثر اہل علم کے ہاں نماز جمعہ کا وقت وہی ہے جو ظہر کا ہے۔ زوال شمس سے لے کر ایک مثل تک تو ظاہر ہے، اول وقت زوال آفتاب سے متصل وقت ہی ہے باقی وہ نصف تک ہے یا چوتھائی تک یا تہائی تک اس کا مجھے علم نہیں۔ ۹ ۴ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص340

محدث فتویٰ